**29-01-2025**

**2115 Hrs**

**HL-Opening**

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ضمیر رضوی

**Music**

--------------------------------

☆ صدرِ جمہوریہ، وزیر اعظم اور اترپردیش کے وزیر اعلیٰ نے مہاکنبھ میں پیش آئے افسوسناک واقعے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ سنگم گھاٹ پر 30 لوگوں کی موت ہوگئی، جبکہ 60 افراد زخمی ہوگئے۔ اترپردیش سرکار نے عدالتی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔

☆ مونی اماوسیہ کے موقع پر پریاگ راج میں تریوینی سنگم میں سات کروڑ سے زیادہ لوگوں نے پوِتر ڈبکی لگائی۔

☆ حکومت نے 34 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کے اخراجات سے اہم معدنیات سے متعلق قومی مشن کو منظوری دی ہے۔

☆ 76 ویں یومِ جمہوریہ کی تقریبات آج شام نئی دلّی کے وجے چوک میں شاندر **Beating Retreat** تقریب کے ساتھ اختتام پذیر ہوئیں۔

☆ اور شطرنج میں ، نیدرلینڈ کے **Wijk Aan Zee** میں عالمی چیمپئن ڈی گوکیش 9 راؤنڈ کے بعد سرفہرست ہیں۔ دسواں راؤنڈ جاری ہے۔

........................................................................

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Mahakumbh - Incident**

پریاگ راج میں مہاکنبھ کے سنگم گھاٹ پر آج ہونے والے افسوسناک واقعے میں کم سے کم **30** افراد کی موت ہوگئی، جبکہ **60** دیگر زخمی ہوگئے۔ ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، کنبھ میلے کے **DIG** ویبھو کرشن نے کہا کہ یہ افسوسناک واقعہ کل رات ایک اور دو بجے کے درمیان، اُس وقت پیش آیا، جب اکھاڑے کے راستے پر لوگوں کا ایک بڑا ہجوم جمع ہوگیا اور وہاں کھڑی رکاوٹوں کو توڑ دیا گیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ انتظامیہ نے واقعے کے فوراً بعد بچاؤ کی کارروائی شروع کردی۔ ایمبولنس گاڑیوں کیلئے بالکل کھلی راہداری بنائی گئی اور زخمیوں کو فوراً اسپتال پہنچایا گیا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ پریاگ راج میں جاری مہاکنبھ میں بھگدڑ کا واقعہ انتہائی افسوسناک ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے، اُن عقیدتمندوں اور یاتریوں کے اہلِ خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا ہے، جنھوں نے اِس حادثے میں اپنی جانیں گنوائی ہیں۔ انہوں نے زخمیوں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھی، مہاکنبھ میں پیش آنے والے دردناک حادثے میں اپنی جانیں گنوانے والے افراد کے اہلِ خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ مہاکنبھ میں پیش آنے والے دردناک حادثے پر انہیں بے حد دُکھ اور افسوس ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، جناب شاہ نے، اِس حادثے کے مہلوکین کے کنبوں کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ اسپتالوں میں داخل زخمیوں کا علاج کرا رہی ہے۔

اس افسوسناک واقعے کے بعد، نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے، اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا کہ وزیر اعظم مودی نے حالات دریافت کرنے کیلئے ان سے کئی بار بات کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کل رات ایک بجے سے دو بجے کے درمیان اکھاڑہ مارگ پر رکاوٹیں پار کرتے ہوئے کچھ عقیدتمند شدید طور پر زخمی ہوگئے۔

اس دوران، مختلف اکھاڑوں کے سنتوں اور سادھوؤں نے آج مونی اماوسیہ کے موقع پر تریوینی سنگم میں امرت اسنان کیا۔ اس موقع پر سنتوں اور سادھوؤں پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں۔

اس سے قبل اکھاڑوں کی اسنان کی رسم لوگوں کی زیادہ بھیڑ ہونے کی وجہ سے ملتوی کردی گئی تھی، تبھی سنگم گھاٹ پر یہ واقعہ پیش آیا۔

مہاکنبھ کا دوسرا امرت اسنان جاری ہے اور لاکھوں عقیدتمند تریوینی سنگم میں پوِتر ڈُبکی لگا رہے ہیں۔ مونی اماوسیہ کو مذہبی اہمیت حاصل ہے اور اس دن امرت اسنان انتہائی پوِتر اور مبارک سمجھا جاتا ہے۔ آج دوپہر **2** بجے تک پانچ کروڑ سے زیادہ لوگ پوِتر ڈبکی لگا چکے تھے۔

مہاکنبھ میلہ، جسے دنیا کے سب سے بڑے مذہبی اجتماع کے طور پر جانا جاتا ہے، **13** جنوری کو شروع ہوا تھا اور

اب تک تقریباً 25 کروڑ عقیدتمند اس میں پوِتر ڈبکی لگاچکے ہیں۔

ریلوے انتظامیہ آج 190 خصوصی ٹرینیں چلا رہی ہے تا کہ لوگوں کو کسی قسم کی تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ، شمالی سینٹرل ریلوے کے تعلقاتِ عامہ کے افسر ششی کانت ترپاٹھی نے بتایا کہ اسنان کرنے کے بعد بڑی تعداد میں عقیدتمند اپنے اپنے گھر واپس جانے کیلئے ریلوے اسٹیشن آرہے ہیں۔

**Mahakumbh Judicial Inquiry**

اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے پریاگ راج میں مہاکنبھ میں سنگم گھاٹ پر پیش آئے واقعے کی عدالتی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے، جناب آدتیہ ناتھ نے کہا کہ تین رکنی عدالتی کمیشن پورے معاملے کی تحقیقات کرے گا اور ریاستی سرکار کو اپنی رپورٹ پیش کرے گا۔ انہوں نے حادثے کے مہلوکین کے اہلِ خانہ کیلئے 25 - 25 لاکھ روپے کی مالی مدد کا اعلان بھی کیا ہے۔

**Best Tableau Awards**

نئی دلّی کے کرتَویہ پتھ میں منعقدہ 26 جنوری کو یومِ جمہوریہ پریڈ میں''مہاکنبھ 2025 - سورنم بھارت : وراثت اور وِکاس'' کے موضوع پر تیار کردہ اترپردیش کی جھانکی نے بہترین جھانکی کا ایوارڈ جیتا ہے، جبکہ ''لافانی احترام و تعظیم: تریپورہ میں 14 دیوتاؤں کی پوجا – کھرچی پوجا'' کے موضوع پر مبنی تریپورہ کی جھانکی کو دوسرا اور '' Etikoppaka - Bommalu ماحولیات کیلئے سازگار لکڑی کے کھلونے'' کے موضوع پر مبنی آندھرا پردیش کی جھانکی نے تیسرا انعام حاصل کیا ہے۔ مرکزی وزارتوں اور محکموں میں، قبائلی امور کی وزارت کی جھانکی ''جنجاتیا گورَو وَرش'' نے بہترین جھانکی کا ایوارڈ جیتا ہے۔

اس دوران، بہترین مارچنگ دستے کا ایوارڈ جموں و کشمیر رائفلز کے دستے نے جیتا ہے، جبکہ مرکزی مسلح پولیس فورسز اور اور دیگر نیم فوجی دستوں میں دلّی پولیس کے مارچنگ دستے نے ایوارڈ جیتا ہے۔تعمیراتِ عامہ کے مرکزی محکمے اور '' Jayati Jai Mamah Bharatam '' ڈانس گروپ کو بھارتی آئین کے 75 سال پورے ہونے کے موقع پر خصوصی انعام سے نوازا گیا ہے۔

اس کے علاوہ، اپنی پسندیدہ جھانکی اور مارچنگ دستے کو ووٹ دینے کیلئے MyGov پورٹل پر ایک آن لائن ووٹنگ کرانے کیلئے، پسندیدہ انتخاب کے زمرے میں ''سورنم بھارت: وراثت اور وِکاس'' کیلئے بہترین جھانکی کا ایوارڈ گجرات نے جیتا ہے۔ اس زمرے میں اترپردیش دوسرے نمبر پر رہا، جبکہ ''ثقافتی ورثے اورمہم جوئی کے کھیلوں'' پر مبنی اتراکھنڈ کی جھانکی نے تیسرا مقام حاصل کیا ہے۔

سروسز کے درمیان **Signals** دستے نے بہترین مارچنگ دستے کا خطاب جیتا، جبکہ مرکزی مسلح فورسز اور دیگر نیم فوجی دستوں میں **CRPF** کے مارچنگ دستے نے ایوارڈ جیتا ہے۔**x**

## PM Delhi Rally

**BJP** کے سینئر لیڈر اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے آج عام آدمی پارٹی کی شدید نکتہ چینی کی۔ انہوں نے عام آدمی پارٹی پر دلّی کے لوگوں سے جھوٹ بولنے اور فرضی وعدے کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا کہ دلّی کے حالات اور مسائل جوں کے توں ہیں۔ کانگریس اور عام آدمی پارٹی دونوں نے اپنی اپنی مدتِ کار میں دلّی کی ترقی کیلئے کچھ بھی نہیں کیا۔

آج شمال مشرقی دلّی کے یمنا کھادر میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے، جناب مودی نے عام آدمی پارٹی کو نشانہ بنایا اور پارٹی پر بدعنوانی میں ملوث ہونے کا الزام لگایا۔

دلّی کے لوگوں کے مسائل کا ذکر کرتے ہوئے، جناب مودی نے کہا کہ ٹریفک جام ، گڈھے ، سیوریج کا پانی اوپر بہنا ، پانی جمع ہونا اور آلودگی ابھی بھی بڑے مسائل ہیں۔

انہوں نے لوگوں کو یقین دلایا کہ **BJP** کے ذریعے کئے گئے وعدے کو مقررہ وقت میں پورا کیا جائے گا اور یہ مودی کی گارنٹی ہے۔

بوانا علاقے میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کرتے ہوئے، کانگریس کے رہنما راہل گاندھی نے بھی عام آدمی پارٹی اور **BJP** پر جھوٹے وعدے کرنے کا الزام لگایا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ دلّی کے سابق وزیرِ اعلیٰ اروند کیجریوال ریزرویشن کے مخالف ہیں۔ وہ دلتوں ، پسماندہ طبقات ، اقلیتوں اور غریبوں کے بھی مخالف ہیں۔

بادلی اسمبلی حلقے میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے، عام آدمی پارٹی کے قومی کنوینر اروند کیجریوال نے اپنی سرکار کے ذریعے کئے گئے کاموں کو اجاگر کیا۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ اقتدار میں واپس آنے کے بعد پانی کا بل معاف کردیا جائے گا۔

## Sitaraman Budget

مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن ایک فروری کو مرکزی بجٹ پیش کریں گی۔ عام لوگوں کو توقع ہے کہ اس بجٹ میں مختلف شعبوں میں بہتری اور ترغیبات کو پیش کیا جائے گا۔ ساتھ ہی یہ بجٹ معیشت کو فروغ دینے والا اور عوام کیلئے راحت فراہم کرنے والا ثابت ہوگا۔ مرکزی بجٹ سے قبل لوگوں کی توقعات اور امیدوں کو جاننے کیلئے آکاشوانی نیوز نے مختلف علاقوں کے لوگوں سے گفتگو کی ہے۔ ایک کسان جسونت سنگھ نے کہا کہ...

خواتین کو امید ہے کہ آٹا اور دال جیسے کچن کے سامان کو سستا کیا جائے گا۔ x

## Joshi - India Energy Summit

نئی اور قابلِ تجدید توانائی کے وزیر پرہلاد جوشی نے آج کہا کہ حکومت سال **2030** تک **500** گیگاواٹ بجلی اور توانائی پیدا کرنے کیلئے کام کررہی ہے۔ نئی دلّی میں تیسری بھارت توانائی منتقلی سَمِٹ سے خطاب کرتے ہوئے، جناب جوشی نے زور دے کر کہا کہ آنے والے برسوں میں توانائی کی مانگ دوگنی ہو جانے کا امکان ہے۔ توانائی کی مانگوں میں سے آدھے سے زیادہ کو قابلِ تجدید توانائی کے ذریعے پورا کرنا ہوگا۔ سَمِٹ کے دوران، وزیر موصوف نے بھارت کی توانائی ترسیل کو طاقت فراہم کرنے کے موضوع پر فِلّی کی ایک رپورٹ بھی جاری کی۔x

## Cabinet Decisions

حکومت نے اہم معدنیات کے قومی مشن کو **34** ہزار کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت کے ساتھ منظوری دے دی ہے۔ یہ فیصلہ، ماحولیات کیلئے ساز گار ٹیکنالوجیز کو فروغ دینے کیلئے اہم معدنی وسائل کی خاطر لکچدار ویلیو چین تشکیل دینے کے مقصد سے لیا گیا۔ نئی دلّی میں آج میڈیا سے بات کرتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے معیشت کی ترقی کیلئے اہم معدنیات کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

حکومت نے گنّے سے متعلق اشیاء کیلئے ایتھنول کی قیمتِ خرید کو بھی منظوری دے دی ہے۔ گنّے سے متعلق اشیاء میں **C** زمرے کے راب، **B** زمرے کے راب، گنّے کا رَس، شکر اور شکر کا شیرہ شامل ہیں۔

حکومت نے **C** زمرے کے راب کی **57** روپے **97** پیسے فی لیٹر، **B** زمرے کے راب کی **60** روپے **73** پیسے فی لیٹر اور گنّے کے رَس، شکر اور شکر کے شیرے کی **65** روپے **61** پیسے فی لیٹر کی قیمت کو بھی منظوری دی ہے۔

## Beating Retreat

آج شام نئی دلّی کے تاریخی وجے چوک پر عظیم الشان **Beating The Retreat** تقریب منعقد ہوئی۔ اِس کے ساتھ **76** ویں یومِ جمہوریہ تقریبات کو اختتام کو پہنچیں۔ اِس موقع پر مسلح اور مرکزی پولیس فورسز کی تال میل بھری پرفارمینسز نے سُریلی دھنوں کے ساتھ ناظرین کے درمیان سماں باندھ دیا۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکھڑ، وزیر اعظم نریندر مودی، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ اور دیگر مرکزی وزراء نے بھی اس تقریب کا نظارہ کیا۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ پریڈ کے دوران میوزک بینڈس نے شائقین کے رو برو **30** سُریلی دُھنیں پیش کیں۔

**PM ISRO**

وزیر اعظم نریندر مودی نے خلائی تحقیق کے بھارتی ادارے، اسرو کو **100** ویں لانچ پر مبارکباد دی ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ یہ ناقابل تسخیر سنگ میل، ملک کے سائنسدانوں اور انجینئروں کے نظریے، جذبے اور عزم کا مظہر ہے۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ پرائیویٹ شعبے کے جڑنے سے ملک کا خلائی سفر، نئی اونچائیوں تک پہنچے گا۔ **x**

**Hyderabad Agriculture**

زرعی تحقیق اور تعلیم کے محکمے، **DARE** کے مرکزی سکریٹری ڈاکٹر ہمانشو پاٹھک نے کہا ہے کہ سال **2047** تک وکست بھارت کے ہدف کو حاصل کرنے کے وزیر اعظم نرینددر مودی کے نظریے کے مطابق زرعی شعبے کی ترقی کی خاطر خصوصی روڈ میپ تیار کیا جا رہا ہے۔ جناب پاٹھک آج حیدرآباد میں ایک اخباری کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ **2** ہزار سے زیادہ بیجوں کی اقسام خصوصی طور پر تیار کی گئی ہیں، جو سیلاب سمیت ہر طرح کے موسمی حالات کا سامنا کرسکتے ہیں۔ جناب پاٹھک نے مزید کہا کہ مرکزی حکومت، زرعی شعبے کی ترقی کیلئے، مٹی کی صحت، غذائیت کے بندوبست اور زراعت کے قدرتی طریقوں پر توجہ مرکوز کر رہی ہے۔ **x**

**Chess Tata Steel**

ٹاٹا اسٹیل ماسٹرس ٹورنامنٹ کے **10** ویں راؤنڈ میں بھارت کے ڈی گوکیش اور نیدر لینڈس کے گرینڈ ماسٹر **Max Warmerdam** کے درمیان مقابلہ جاری ہے۔ یہ میچ، نیدر لینڈس کے **Wijk aan Zee** میں کھیلا جا رہا ہے۔ عالمی شطرنج چمپئن شپ جیتنے کے بعد کے اپنا پہلا ٹورنامنٹ کھیل رہے گوکیش کو اِس کے بعد بھی چار مزید راؤنڈز کھیلنے ہیں۔ اِس کے علاوہ بھارت کے آر پراگنندہ بھی روس کے گرینڈ ماسٹر ولادیمیر **Fedoseev** کا سامنا کرنے کیلئے تیار ہیں۔

اِس سے پہلے ڈی گوکیش نے **9** ویں راؤنڈ کے بعد سبقت حاصل کرلی تھی۔ ایک طرف جہاں گوکیش کے سابق ساتھی آر پراگنندہ اور **Nodirbek** عبد الستاروف پوائنٹس گنوا بیٹھے، وہیں گوکیش نے **Leon Luke Mendonca** کے خلاف **Full** پوائنٹ حاصل کیے۔

سفید مہروں سے کھیلتے ہوئے گوکیش کو **Mendonca** سے سخت مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا۔ تاہم ٹائم کنٹرول سے کچھ دیر پہلے گوکیش نے سبقت حاصل کرلی اور آخرکار اِس برتری کو جیت میں بدل دیا۔ **x**

☆☆☆☆☆